
شمارہ نمبر 4 جون 2009

# کھیل ہی کھیل میں

## آؤ کھیل کھیل میں سیکھیں




## کھیل کی اہمیت

یہ شمارہ آپ کی پسندیدہ سرگرمی 'کھیل' پر مشتمل ہے۔۔۔ بچوں! کیا آپ جانتے ہیں کہ کھیل مزیدار ہونے کے ساتھ ساتھ بہت سے فائدے بھی دیتے ہیں۔ کھیل کے ذریعے آپ نت نئی چیزیں سیکھتے ہیں، مثلاً مِل جُل کر کام کرنا، بات چیت، بحث و مباحثہ، مسئلوں کا حل تلاش کرنا وغیرہ۔ اس کے علاوہ کھیل آپ کو چست و تندرست بناتا ہے اور کھیلتے ہوئے آپ نئے دوست بھی بنا سکتے ہیں۔ ہم کھیل کی مختلف اقسام اور ان سے وابستہ سرگرمیوں پر بات چیت کریں گے اور یہ بھی جانیں گے کہ کھیل کی کیا اہمیت ہے۔ ہمیں امید ہے کہ آپ کو بہت مزا آئے گا۔ تو پھر آؤ کھیل کھیل میں سیکھیں۔۔۔!

### کھیل کھیل کے اس شمارے میں آپ پڑھیں گے۔۔۔


- کھیلوں کا دن
- نقطے ملائیں
- محفوظ اور غیر محفوظ کھیلوں میں فرق بتائیں
- بچے کون سا کھیل کھیل سکتے ہیں؟
- دوستوں کے ساتھ اور اکیلے کھیل کھیلنا

نوٹ: اس شمارے میں تصاویر کی مدد سے معلومات دی گئی ہیں تاکہ جو بچے پڑھنا نہیں جانتے ان کو تصاویر کے ذریعے سمجھایا جا سکے۔ البتہ شمارے کے کچھ حصّے اساتذہ کے ذریعے بہتر طور پر سمجھے جا سکتے ہیں۔

یہ جریدہ آرسی سی۔ ای سی ڈی پروگرام کے تحت، بہ تعاون آغا خان فاؤنڈیشن اور رائل نیدرلینڈ ایمبسی تیار کیا گیا ہے۔
طباعت واشاعت: سندھ ایجوکیشن فاؤنڈیشن


RCC Releasing Confidence & Creativity
AN EARLY CHILDHOOD DEVELOPMENT PROGRAM

1



ہر روز کی طرح آج بھی کاچھو اور گوشی صبح سویرے اسکول پہنچے۔

2




بچوں کو کلاس روم کے اندر نہ دیکھ کر وہ دونوں حیران رہ گئے کیوں کہ بچے میدان کے پاس کھڑے تھے۔ یہ بالکل واضح لگ رہا تھا کہ میدان مختلف کھیلوں کے لئے تیار کیا جا رہا تھا۔

3





گوشی اور کاچھو میدان میں پہنچے جہاں بچے جمع تھے۔

4





دوسرے بچوں نے جب دیکھا کہ گوشی اور کاچھو اپنے پسندیدہ کھیل کے بارے میں بات کر رہے ہیں تو وہ ان کے پاس آ گئے۔

5





بچے یہ بات سن کر حیران رہ گئے کہ گوشی کو اب بھی دوڑ لگانا پسند ہے جبکہ وہ پچھلے ہفتے ہی دوڑ میں کا چھو سے ہار گیا تھا حالانکہ کا چھو سست رفتار ہے۔

6




گوشی نے پچھلے کھیل سے بہت کچھ سیکھا تھا۔ وہ اب سمجھ گیا تھا کہ کا چھو پر ہنسنا اس کی غلطی تھی۔۔۔

7




رابعہ کے علاوہ سب بچے کا چھو کی باتیں غور سے سن رہے تھے جو بچوں کو سمجھانے کی کوشش کر رہا تھا کہ کس طرح وہ اپنی قابلیت اور صلاحیتوں کا استعمال کر کے کھیل سے زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔

8





گوشی نے دیکھا کہ رابعہ کونے میں اکیلی کھڑی ہے۔ وہ پریشان نظر آ رہی تھی اور کھیلوں کی اتنی بڑی سرگرمی میں کوئی دلچسپی نہیں لے رہی تھی۔

9




کاچھو نے پیار سے رابعہ کے کندھے پر ہاتھ رکھا اور کھیل کی اہمیت بتانا شروع کی۔

10





کاچھو دوسرے بچوں کی طرف پلٹا اور بتایا کہ ہم سب ایک جیسے نہیں ہیں۔ ہر بچہ دوسرے سے مختلف ہوتا ہے۔ اہم بات یہ ہے کہ دوسرے جیسے ہیں ہم ان کو اسی طرح قبول کریں۔

11




گوشی نے مانا کہ اس نے پچھلی دوڑ کے مقابلے میں ہارنے سے یہ سبق سیکھا ہے کہ وہ اب دوسروں کا مذاق کبھی نہیں اڑائے گا۔

12




گوشی اور کاچھو کے کچھ اور کہنے سے پہلے تمام بچے میدان کی طرف چلے گئے جہاں مختلف کھیلوں کے لئے گروپ بنائے جا رہے تھے۔

اس دن اسکول کے کھیلوں کا کچھ الگ ہی مزہ تھا۔ بچے اپنے آپ کو پُرسکون محسوس کر رہے تھے۔ کسی کو ہار جیت کی فکر نہیں تھی۔ ہر کسی کو کھیلوں میں شریک کیا گیا اور بہت سارے کھیلوں میں بچے والدین اور اساتذہ سے بھی بازی لے گئے۔


# سرگرمی 1





نقطے ملائیے اور دیکھیے کہ دوڑ میں کتنے بچے حصہ لے رہے ہیں۔


# سرگرمی 2

نیچے دی گئی تصاویر میں رنگ بھریے اور بتایئے کہ بچے کون سے کھیل کھیل رہے ہیں۔










۱۔ گِٹّے
۲۔ رَسّہ کَشی
۳۔ پِٹّھو گرم
۴۔ لنگڑی پالا

# 3 سرگرمی

نیچے دی گئی تصویر میں رنگ بھریئے اور دیکھیئے کہ آپ کون کون سے کھیل اکیلے یا دوستوں کے ساتھ مل کر کھیل سکتے ہیں۔





## 4 سرگرمی

دی گئی تصاویر میں ان کھیلوں میں رنگ بھریئے جو صحت بخش اور محفوظ ہیں اور جنہیں کھیلنے میں آپ کو مزا آتا ہے۔ اور ان تصاویر پر غلط (x) کا نشان لگائیں جو آپ کے خیال میں غیر محفوظ کھیل ہیں۔ پھر آپس میں اس بارے میں گفتگو کیجیے کہ غیر محفوظ کھیل کیوں نہیں کھیلنے چاہئیں۔

# چند مفید باتیں!




## کھیل کی اہمیت

کھیل وہ ذریعہ ہے جس سے بچے اپنے آپ، اپنے آس پاس کے لوگوں اور اپنے ماحول کے بارے میں سیکھتے ہیں۔ کھیل ایک ایسی سرگرمی ہے جس کا بچے اپنی مرضی اور آزادی سے انتخاب کرتے ہیں، اکثر خود ہی ان کے اصول و قوائد طے کرتے ہیں اور اپنی اندرونی خواہشات کے ذریعے ان کو سرانجام دیتے ہیں۔ کھیل سے جسمانی نشو ونما ہوتی ہے، بچوں میں تخلیقی صلاحیت بیدار ہوتی ہے اور بچے یہ بھی سیکھتے ہیں کہ سماجی رابطے کس طرح بڑھائیں اور وہ اپنے جذبوں کا اظہار کس طرح کریں۔ اس کے علاوہ جب بچے اپنے دوستوں کے ساتھ کھیلتے ہیں تو وہ آپس میں بحث و مباحثہ کرنا سیکھتے ہیں، مسئلوں کا حل تلاش کرتے ہیں اور بات چیت کی صلاحیت بھی حاصل کرتے ہیں۔

**آؤ مل کر کھیلیں:** گروپ میں کھیلنے سے نہ صرف نئے دوست بنتے ہیں بلکہ ساتھ کھیلنے سے آپ کی بہت ساری صلاحیتوں میں اضافہ ہوتا ہے جیسے باہمی میل جول، بات چیت کرنا، ایک دوسرے کی مدد کرنا، وغیرہ۔

## اپنی رائے سے آگاہ کریں

ہم اس شمارے کے پڑھنے والوں کی آراء کے منتظر ہیں خاص کر ننھے منے بچوں کے خیالات اور تحریروں کے۔
آپ ہمیں آنے والے شمارے کے لئے کہانیاں یا اپنی بنائی ہوئی تصاویر مندرجہ ذیل پتہ پر ارسال کر سکتے ہیں۔

سندھ ایجوکیشن فاؤنڈیشن
پلاٹ 9، بلاک 7، کہکشاں کلفٹن 5، کراچی 75600 پاکستان
Phone: (92-21) 111-424-111, FAX: (92-21) 9251652

یہ جریدہ آر سی سی۔ ای سی ڈی پروگرام کے تحت، بہ تعاون آغا خان فاؤنڈیشن اور رائل نیدرلینڈ ایمبسی تیار کیا گیا ہے۔
طباعت و اشاعت: سندھ ایجوکیشن فاؤنڈیشن